11/06/2025

12.30 PM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ **تجمل احمد** سے خبریں سُنئے

**وفد**

سات کُل جماعتی وفود کے ارکان نے وزیر اعظم نریندر مودی سے ملاقات کی ہے ، جو حالیہ دنوں میں آپریشن سندور کے بعد دہشت گردی کے خلاف بھارت کے موقف سے آگاہ کرنے کے لئے 33 ممالک کے دورے پر گئے ہوئے تھے ۔ یہ ملاقات وزیر اعظم کی رہائش گاہ پر ہوئی جس میں پارلیمانی امور کے وزیر کرن رججو اور دیگر اہم شخصیات بھی موجود تھیں ۔ وزیر اعظم نے کہا کہ انہیں اس بات پر ناز ہے کہ کل جماعتی وفود نے عالمی پلیٹ فارموں پر ایک با اثر انداز میں بھارت کا موقف رکھا ۔

**11 سال**

مرکز میں نریندر مودی کی سربراہی والی NDA سرکار کے گیارہ سال مکمل ہوئے ہیں۔ ان گیارہ برسوں کے دوران بھارت میں بنیادی ڈھانچہ میں بے مثال ترقی ہوئی ہے۔ کنیکٹوٹی کو بڑھانے سے لے کر عالمی معیار کی سہولیات تک بھارت نے سے سڑکوں، ریلوے ، ہوا بازی اور شہر ی ترقی میں کافی ترقی کی ہے۔ اٹل ٹنل ، چناب ریلوے پل اور وندے بھارت ریل سروس سے بھارت نے انجنیئرنگ اور اختراع میں نئے عالمی معیارات قائم کئے ہیں۔

ریلوے کی برق کاری سال 2014 میں 21 ہزار 801 کلو میٹر سے بڑھ کر سال 2025 میں 45 ہزار 922 کلو میٹر تک بڑھ گئی ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی کے گرین ہائی وے نظریہ کے تحت سال 2016-17 سے اب تک قومی شاہراؤں کے ارد گرد 4 کروڑ درخت لگائے گئے ہیں جن میں سے قریب اڑھائی کروڑ کو جیو ٹیگ بھی کیا گیا ہے۔ خام سٹیل کی پیداوار سال 2024-25 میں 165 ملین میٹرک ٹن تک پہنچ گئی ہے جس سے ملک کے بنیادی ڈھانچے میں انقلابی تبدیلیاں انقلابی تبدیلیاں رونما ہوئی ہیں۔

**لیفٹنٹ گورنر**

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے آج بال تل کا دورہ کر کے شری امر ناتھ جی شرائن بورڈ کے ڈزاسٹر منیجمنٹ اور یاتری نواس کمپلیکس کا بر سر موقعہ جائزہ لیا ۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت دی کہ وہ امر ناتھ یاتریوں کے لئے تیار کئے جا رہے بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں کی بر وقت کے حکام کے ساتھ بات چیت کر کے BRO تکمیل یقینی بنائیں ۔ دُمیل کے مقام پر لیفٹنٹ گورنر نے یاترا ٹریک کی تجدید اور انتظام سے متعلق جانکاری حاصل کی ۔ ان کے ہمراہ سول و پولیس انتظامیہ کے اعلیٰ حکام بھی تھے ۔

بعد میں لیفٹنٹ گورنر نے امر ناتھ گھپا میں حاضری دی اور وہاں منعقدہ پرتھم پوجا میں شرکت کی ۔

-------------

**چیف سیکریٹری**

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے جموں کشمیر میں 21 جون کو منائے جانے والے گیارہویں بین الاقوامی یوگا دن کے سلسلے میں تیاریوں اور انتظامات کا جائزہ لیا ۔ میٹنگ میں انتظامیہ کے سینئر عہدیداروں کے علاوہ ڈپٹی کمشنروں نے بھی شرکت کی ۔ چیف سیکریٹری نے کہا کہ یوگا محض ایک جسمانی ورزش نہیں ہے بلکہ یہ ذہن کو سکون دینے والی ایک کسرت ہے ۔ انہوں نے کہا کہ سکولی بچوں میں نظم و نسق پیدا کرنے کے لئے انہیں بھی یوگا کرایا جانا چاہئے ۔

**سرینگر**

عام لوگوں میں نشہ خوری کے مضر اثرات سے متعلق بیداری پیدا کرنے کی غرض سے ضلع انتظامیہ سرینگر نے کل سلسلہ وار بیداری پروگراموں کا انعقاد کیا ۔ ڈسٹرکٹ یوتھ سروسز اینڈ سپورٹس آفس سرینگر نے ڈسٹرکٹ سوشل ویلفیئر ڈپارٹمنٹ کے اشتراک سے یہ جانکاری پروگرام ضلع کے سبھی چھ تعلیمی زونز میں منعقد کئے گئے اور ان میں سکولی بچوں اور نوجوانوں کی ایک بڑی تعداد نے حصہ لیا ۔

**بارہمولہ**

ڈپٹی کمشنر بارہمولہ منگا شیر پا نے کل ایک میٹنگ کے دوران دھرتی آبھا جن جاتیہ گرام اُتکرش مہم کا آغاز رواں ماہ کی IEC ایکشن پلان کا جائزہ لیا ۔ IEC ابھیان کی عمل آوری کے سلسلے میں 15 تاریخ کو ڈاک بنگلہ بارہمولہ میں کیا جائے گا جس دوران متعلقہ محکمہ جات سٹال لگا کر سکیموں سے متعلق جانکاری فراہم کریں گے ۔ دریں اثناءڈپٹی کمشنر بانڈی پورہ منظور احمد قادری نے آج ایک پریس کانفرنس کے دوران میڈیا کو ضلع میں دھرتی آبھا جن جاتیہ گرام اُتکرش ابھیان کی عمل آوری سے متعلق جانکاری دی ۔

**اگنو**

اندھرا گاندھی نیشنل اوپن یونیورسٹی کی طرف سے جموں کشمیر اور لداخ کے طالب علموں کے لئے کل یعنی بارہ جون سے ٹرم اینڈ امتحانات لئے جائیں گے ۔ اگنو کی ایک ریلیز میں کہا گیا ہے کہ مجموعی طور پر دونوں یوٹیز کے 38 ہزار طالب علم امتحان دینے کے اہل ہیں جن کے لئے 35 امتحانی مراکز قائم کئے گئے ہیں ۔ اس بار گریز، اوڑی، لنگیٹ جیسے کئی دور دراز علاقوں میں بھی امتحانی مراکز قائم کئے گئے ہیں۔

**تعزیت**

آکاشوانی سرینگر کے پروگرام سربراہ غلام رسول آخون نے وادی کے ایک معروف گلو کار استاد غلام نبی بلبل کے انتقال پر دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے سوگوار کنبے کے ساتھ اظہار تعزیت کیا ہے ۔ یہ خبر پہلے ہی دی جا چکی ہے کہ غلام نبی بلبل کا انتقال آج علی الصبح ہوا جس کے بعد انہیں ان کے آبائی مقبرہ واقع ڈنگی وچھہ رفیع آباد میں سپرد خاک کیا گیا ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ